تیارکریں اوران کے مدنی قافلے مجلس مدنی قافلہ کے مشورے سے اہم رہائشی علاقوں کی مساجد وغیرہ میں ٹھہرائے جائیں، ان مدنی قافلوں میں نگرانِ ڈویژن مشاورت، نگرانِ کابینہ اور دیگر اہم تنظیمی ذمہ داران کا سفرزیادہ مفید ہے۔

﴾9﴿ کابینہ یا ملکی سطح پر اجتماعات میں (اجتماع گاہ میں) مکتب کی ترکیب کریں اوران میں کاروان، ٹورآپریٹرز اور وزارتِ مذہبی امور سے وابستہ افراد کی شرکت یقینی بنائیں۔

﴾10﴿ **مجلسِ حج وعمرہ** کے ذمہ داران، عازمینِ حج کی تربیت کے حوالے سے کابینہ میں نگرانِ کابینہ و نگرانِ مجلس حج وعمرہ (پاکستان) کے مشورے سے مختلف مقامات پر **حج تربیتی اجتماعات** کا انعقاد کریں نیز حج آپریشن سے متعلقہ گورنمنٹ کے نمائندگان (وزیرِ مذہبی امور، سیکٹری حج، جوائنٹ سیکٹری حج، حج ڈائریکٹر وغیرہ) پر انفرادی کوشش کر کے مختلف حاجی کیمپوں اور ائیر پورٹس میں بھی حاجیوں کی تربیت کے لئے مبلغین مقرر کریں۔

﴾11﴿ **مجلسِ حج وعمرہ** کے ذِمہ داران، مجلس کے عطا کردہ تربیتی مدنی پھولوں کے مطابق تمام حاجی کیمپوں میں خدمات پیش کریں (حاجی کیمپ میں موجود رینجرز کے افسران، بینک عملہ، میڈیکل افسران، حاجی کیمپ کا عملہ اور دیگر شخصیات کو مدنی ماحول سے وابستہ کرنے کے لئے انفرادی کوشش، عازمینِ حج کی تربیت کے لئے مبلغین، لنگرِ رسائل، رفیق الحرمین، وی سی ڈیز، حج کارڈ، حرمین میں نمازوں کے اوقات کا نقشہ وغیرہ کی تقسیم، مکتبۃ المدینہ وتعویذاتِ عطاریہ کا بستہ وعطاری بنانے کی ترکیب اور مدنی خبروں کے لیے ریکارڈنگ وغیرہ، ان تمام امور کو بخوبی سرانجام دینے کے لئے نگرانِ کابینہ کی مشاورت سے ذیلی مجالس قائم کی جائیں)۔

﴾12﴿ **مجلسِ حج وعمرہ** کے ذمہ داران تمام انٹرنیشنل ائیر پورٹس (جہاں سے حج پروازیں روانہ ہوتی ہیں، پاکستان میں فی الوقت غالباً 8 مقامات سے حج پروازیں روانہ ہوتی ہیں) پر قانون کی پاسداری کرتے ہوئے (قومی اور پرائیویٹ ائیر لائنز کے نمائندگان، ائیر پورٹ مینیجر، ڈپٹی مینیجر اور دیگر افسران سے ملاقات کریں اور قانونی اجازت کے ساتھ ائیر پورٹ پر مجلس کے مدنی کام کی ترکیب کریں) شریعت کے دائرے میں رہ کر مجلسِ حج وعمرہ کی طرف سے عازمینِ حج کی خدمت کرنے کی سعادت حاصل کریں۔

﴾13﴿ **مجلسِ حج وعمرہ** کے ذمہ داران، شہر کے نمایاں مقامات، حاجی کیمپ اور ائیر پورٹ وغیرہ پر نمایاں انداز میں، مدنی مرکز کی اجازت اور مخیّر حضرات کے تعاون سے حاجیوں کو خوش آمدید اور دعاؤں کے بینرز وغیرہ کے ذریعے دعوتِ اسلامی اور مجلسِ حج و عمرہ کی تشہیر کریں اور اگر ہوسکے تو مدنی چینل پر بھی مجلس کی خدمات دکھائی جائیں۔

﴾14﴿ **مجلسِ حج وعمرہ** کے ذمہ داران، اگر تمام عازمینِ حج کو **امیرِ اہلسنّت** دامت برکاتہم العالیہ کا مکتوب بھی پہنچائیں تو مدینہ مدینہ

## ﴾15﴿ مَدَنی قافلہ، مَدَنی انعامات، مختلف کورسز کے ماہانہ اہداف:

